اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، کراچی
بختیاری یوتھ سینٹر، نارتھ ناظم آباد، کراچی۔74700
https://www.facebook.com/BIEKarachi/
Website: www.biek.edu.pk

# ماڈل پیپر اردو (لازمی) (پرچہ دوم) (تمام گروپس کے لیے)

## سالانہ امتحانات برائے 2021ء

وقت ۴۰ منٹ | کل نشانات ۵۰

### "حصہ الف" کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) 50%

نوٹ: (i) اس حصّہ میں جزوی سوالات ہیں۔تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں اور ہر سوال کا ایک نمبر ہے۔
(ii) سوال یا اس کا جز امتحانی کاپی میں نقل نہ کیجیے۔سوال کے اصل نمبر اور جز کے سامنے مکمل جواب تحریر کیجیے۔

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب منتخب کیجیے۔

۱۔ اصلاحی اور معاشرتی موضوعات کو پہلی بار غزل کا حصہ اس شاعر نے بنایا۔
☆ میر تقی میر ☆ الطاف حسین حالی ☆ نظیر اکبر آبادی ☆ اکبر الہٰ آبادی

۲۔ افسانہ 'نیا قانون' کے مطابق ہندوستان میں نیا قانون اس تاریخ کو نافذ ہوا:
☆ یکم مئی 1935 ☆ یکم اگست 1935 ☆ یکم اپریل 1935 ☆ یکم جنوری 1935

۳۔ سبق 'سمندر کا دل' اس صنفِ ادب سے تعلق رکھتا ہے:
☆ خودنوشت ☆ سفرنامہ ☆ افسانہ ☆ ڈراما

۴۔ نظم کے ہر بند کے آخر میں دہرائے جانے والے شعر کو کہا جاتا ہے۔
☆ مقطع ☆ ٹیپ کا بند ☆ ٹیپ کا شعر ☆ حسن مطلع

۵۔ افسانہ 'چور' اس افسانوی مجموعے میں شامل ہے:
☆ ایک محبت سو افسانے ☆ اجلے پھول ☆ سفرِ مینا ☆ گڈریا

۶۔ سید ضمیر جعفری کی وجہ شہرت ہے۔
☆ مزاحیہ شاعری ☆ مرثیہ نگاری ☆ فلسفیانہ شاعری ☆ افسانہ نگاری

۷۔ ڈراما 'سمندر کا دل' کا ماخذ ہے:
☆ جنم کہانیاں ☆ لہو اور قالین ☆ ترقی پسند ادب ☆ اجلے پھول

۸۔ انھیں اردو کا پہلا عوامی اور جمہوری شاعر کہا جاتا ہے۔
☆ مرزا غالب ☆ نظیر اکبر آبادی ☆ میر تقی میر ☆ حفیظ جالندھری

۹۔ شاملِ نصاب سبق 'اردو ذریعہ تعلیم' کے مصنّف ہیں:
☆ سر سید احمد خاں ☆ ڈاکٹر سیّد عبداللہ ☆ حمید عسکری ☆ چراغ حسن حسرت

۱۰۔ سبق 'نیا قانون' کا اصل ماخذ ہے:
☆ منٹو کے بہترین افسانے ☆ سفرِ مینا ☆ جنم کہانیاں ☆ لہو اور قالین

۱۱۔ ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی جائے کہلاتی ہے:
☆ حمد ☆ مناجات ☆ قصیدہ ☆ منقبت

۱۲۔ سبق 'آرام و سکون' اس صنف سے تعلق رکھتا ہے:
☆ افسانہ ☆ ڈراما ☆ ناول ☆ سوانح

۱۳۔ دہرا بدن، گدرا ہی نہیں، بلکہ موٹاپے کی طرف...اس عبارت میں اس شخصیت کے سراپے کی جھلک ہے:
☆ محسن الملک ☆ حفیظ جالندھری ☆ مولوی عبدالحق ☆ ڈپٹی نذیر احمد

۱۴۔ شامل نصاب علامہ اقبال کی پہلی غزل ان کے اس مجموعے سے لی گئی ہے۔

☆ بانگ درا ☆ ضربِ کلیم ☆ بال جبریل ☆ پیامِ مشرق

۱۵۔ نظم 'اسرارِ قدرت' ان کی لکھی ہوئی ہے:

☆الطاف حسین حالی ☆نظیر اکبرآبادی ☆اختر شیرانی ☆ جوش ملیح آبادی

۱۶۔ مرزا غالب پہلے اس تخلص سے شاعری کرتے تھے:

☆فانی ☆اصغر ☆اسد ☆یاس

۱۷۔ اردو کا پہلا فلسفی شاعران کو کہا جاتا ہے:

☆میر تقی میر ☆خواجہ میر درد ☆مرزا غالب ☆علامہ اقبال

۱۸۔ 'خدائے سخن، شہنشاہِ غزل' ان کو کہا جاتا ہے:

☆میر درد ☆مرزا غالب ☆میر تقی میر ☆مومن خان مومن

۱۹۔ شعر مکمل کیجیے: اس کے جاتے ہی یہ کیا ہوگئی گھر کی صورت:

☆کل نہ پہچان سکے گی گل تر کی صورت ☆وہ ڈرایا ہے کہ خود بن گئے ڈر کی صورت ☆نہ وہ دیوار کی صورت ہے نہ وہ در کی صورت ☆آڑے آئی مرے تسلیم، سپر کی صورت

۲۰۔ انھیں شاعرِ مشرق کہا جاتا ہے۔

☆علامہ اقبال ☆فیضؔ ☆حسرت موہانی ☆مولانا حالیؔ

۲۱۔ مقدمہ شعروشاعری کے مصنف ہیں۔

☆میر درد ☆جوش ملیح آبادی ☆الطاف حسین حالیؔ ☆اکبرالہ آبادی

۲۲۔ شکیلہ بیگم کے بچے کا علاج اس شہر کے اسپتال میں ہونا تھا:

☆اسلام آباد ☆کراچی ☆راولپنڈی ☆لاہور

۲۳۔ 'او دیس سے آنے والے بتا' نظم کے شاعر ہیں:

☆حفیظ جالندھری ☆اختر شیرانی ☆جوش ملیح آبادی ☆فیض احمد فیضؔ

۲۴۔ 'اسرارِ قدرت' نظم اس ہیئت میں ہے:

☆رباعی ☆مسدس ☆مخمس ☆مثنوی

۲۵۔ نصاب میں شامل یہ افسانہ علامتی اسلوب میں تحریر کیا گیا ہے:

☆نیا قانون ☆ہم سفر ☆بدلہ ☆چور

۲۶۔ ۱۹۷۳ء کے آئین میں قومی زبان اردو کے نفاذ کے لیے دی گئی مہلت کا عرصہ ہے:

☆دس سال ☆پندرہ سال ☆پچیس سال ☆تیس سال

۲۷۔ شامل نصاب افسانہ 'ہمسفر' میں بس کہاں جا رہی تھی:

☆بحریہ ٹاؤن ☆اسٹیل ٹاؤن ☆نیو ٹاؤن ☆ماڈل ٹاؤن

۲۸۔ اس شاعر کے بارے میں کہا گیا کہ 'انھیں ورثے میں تلوار کے بجائے قلم ملا۔

☆میر تقی میرؔ ☆ علامہ اقبالؔ ☆مرزا غالبؔ ☆ مولانا الطاف حسین حالیؔ

۲۹۔ لسان العصر انھیں کہا جاتا ہے:

☆مولانا الطاف حسین حالی ☆اکبرالہٰ آبادی ☆نظیر اکبرآبادی ☆اختر شیرانی

۳۰۔ مشہور ڈراما انار کلی ان کی تخلیق ہے:

☆امانت لکھنوی ☆آغا حشر کاشمیری ☆مرزا ادیب ☆امتیاز علی تاج

۳۱۔ نصاب میں شامل حفیظ جالندھری کی نعت کا عنوان ہے۔

☆محبوبِ سبحانی ☆محبوبِ سلطانی ☆محبوبِ خدا ☆محبوب الحق

۳۲۔ ڈراما سمندر کا دل میں ماں کا نام ہے:

☆صغریٰ ☆حُسناں ☆اصغری ☆رکھی

۳۳۔ مضمون 'عزم جزم' میں اس انگریز اسکالر کا حوالہ دیا گیا ہے:

☆چاسر ☆ اسپرنگر ☆فاسٹر ☆شیکسپیئر

۳۴۔ پاکستان کے قومی ترانے کے خالق کا نام ہے۔

☆اقبالؔ ☆اختر شیرانی ☆حفیظ جالندھری ☆مولانا حالیؔ

۳۵۔ شامل نصاب سبق 'ہم سفر' اس کتاب سے ماخوذ ہے:

Result.pk
BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION KARACHI

☆خطباتِ مدراس ☆جنم کہانیاں ☆ترقی پسند ادب ☆چند ہم عصر

۳۶۔ اس ڈراما نگار کو اردو کا شیکسپیئر کہا جاتا ہے:

☆امتیاز علی تاج ☆آغا حشر کاشمیری ☆حکیم احمد شجاع ☆مرزا ادیب

۳۷۔ یہ علی گڑھ تحریک کے بانی تھے:

☆محمد حسین آزاد ☆علامہ شبلی نعمانی ☆خواجہ الطاف حسین حالی ☆سرسید احمد خان

۳۸۔ شامل نصاب میں 'حمد' ان کی تحریر کردہ ہے:

☆علامہ اقبال ☆نظیر اکبر آبادی ☆الطاف حسین حالی ☆مولانا ظفر علی خان

۳۹۔ اردو کے پہلے سوانح نگار اور تنقید نگار یہ ہیں:

☆سرسید احمد خان ☆الطاف حسین حالی ☆علامہ شبلی نعمانی ☆سید سلیمان ندوی

۴۰۔ 'اسلام میں گداگری کی مذمت' ماخوذ ہے:

☆مقالاتِ سرسید ☆ مقالاتِ شبلی ☆کلیاتِ پطرس ☆کلیات حالی

۴۱۔ اختر شیرانی کا اصل نام یہ ہے۔

☆ شبیر حسن خان ☆ الطاف حسین ☆ محمد داؤد خان ☆ مرزا فرحت

۴۲۔ انھیں 'اردو کا سب سے بڑا رومانوی شاعر' کہا جاتا ہے:

☆اکبر الٰہ آبادی ☆علامہ اقبال ☆جوش ملیح آبادی ☆اختر شیرانی

۴۳۔ نظم ''حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی رخصتی'' کا ماخذ ہے:

☆شاہنامہ فردوسی ☆شاہنامہ اسلام ☆اسرارِ قدرت ☆جشنِ بے چارگی

۴۴۔ ''منگو'' کا پیشہ یہ تھا:

☆درزی ☆تانگے والا ☆کسان ☆ڈاکٹر

۴۵۔ ''چور نے جو لفافہ چرایا'' اس میں اتنے روپے تھے:

☆۷۰روپے ☆۱۷۰روپے ☆۲۷۰روپے ☆۳۷۰روپے

۴۶۔ نظم ''اک ریل کے سفر کی تصویر کھینچتا ہوں'' کے شاعر ہیں:

☆سیّد محمد جعفری ☆سیّد ضمیر جعفری ☆سرشار صدیقی ☆جوش ملیح آبادی

۴۷۔ نتھو گنجا اس سبق کا کردار ہے:

☆ہمسفر ☆چور ☆عزم جزم ☆نیا قانون

۴۸۔ علامتی افسانہ نگاری میں ان کو بلند مقام حاصل ہے:

☆سعادت حسن منٹو ☆انتظار حسین ☆غلام عباس ☆اشفاق حسین

۴۹۔ درج ذیل شعر میں یہ صنعت استعمال کی گئی ہے: میر دریا ہے سنے شعر، زبانی اس کی اللہ اللہ رے طبیعت کی روانی اس کی

☆مقطع ☆تلمیح ☆تضاد ☆مطلع

۵۰۔ شامل نصاب سبق 'چور' میں چور نے اپنا نام یہ بتایا تھا:

☆ شفقت علی ☆احمد علی ☆محمود علی ☆شاکر علی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Result.pk
BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION KARACHI

## حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات) 30% (نشانات ۳۰)

۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ (۱۰)

جس سر کو غرور آج ہے یاں تاجوری کا　　　کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا
یوسف اس کو کہوں اور کچھ نہ کہے ، خیر ہوئی　　　گر بگڑ بیٹھے تو میں لائقِ تعزیر بھی تھا
ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں　　　اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں
میں تجھ کو بتاتا ہوں تقدیرِ اُمم کیا ہے　　　شمشیر و سناں اول، طاؤس و رباب آخر

۳۔ (الف) منتخب کردہ اقتباس کے مصنف اور سبق کا نام تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے۔ (۰۸)

(i) غرض تم جو کوئی بھی ہو اور کسی حال میں بھی ہو تمہاری زندگی کے لئے نمونہ، تمہاری سیرت کی درستی و اصلاح کے لئے سامان، تمہارے ظلمت خانہ کے لئے ہدایت کا چراغ اور رہنمائی کا نور محمد ﷺ کی جامعیت کبریٰ کے خزانے میں ہر وقت اور ہمہ دم مل سکتا ہے۔

(ii) جس قدر قوم میں بھیک مانگنے والوں کی کثرت زیادہ ہوجاتی ہے اسی قدر قوم کی دولت میں، محنت و جفاکشی میں، غیرت وحمیت میں، ہمت و اولوالعزمی میں گھاٹا ہوجاتا ہے۔ مفلسوں کو کاہلی اور بے غیرتی کی ترغیب ہوتی ہے اور دولت مندوں کا بہت سارو پیہ ایسی جماعت کی تعداد بڑھانے اور تقویت دینے میں صرف ہوتا ہے جن کا وجود سوسائٹی کے حق میں سم قاتل کا حکم رکھتا ہے۔

--------------- یا ---------------

(الف) منتخب کردہ سبق کے مصنف کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (۰۸)

۔ نیا قانون　　　۔ سمندر کا دل

۴۔ (الف) منتخب کردہ نظم کے شاعر کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ (۰۸)

۔ اسرا قدرت　　　۔ او دیس سے آنے والے بتا

--------------- یا ---------------

(الف) تشریح کردہ جز کے شاعر اور نظم کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل جز کی تشریح کیجیے۔ (۰۸)

علی مرتضیٰ نے آج تاج ”ھل اتیٰ“ پایا　　　دُلہن کی شکل میں اِک پیکرِ صِدق و صفا پایا
پدر کے گھر سے رخصت ہوکے زہراؑ اپنے گھر آئیں　　　توکّل کے خزانے، دولتِ مہر و وفا لائیں
جہیز ان کو ملا جو کچھ شہنشاہِ دو عالم ﷺ سے　　　ملا ہے درس ہم کو سادگی کا فخرِ آدم ﷺ سے

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) 20% نشانات ۲۰

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر / مصنف کے کلام / طرزِ تحریر کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ (۲۰)

۔ مرزا غالبؔ　　　۔ سید عبداللہ　　　۔ علامہ اقبالؔ　　　۔ مرزا فرحت اللہ بیگ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Result.pk
BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION KARACHI